## کیا مجھے اپنی بلدیہ یا بلدیاتی حلقے bydel میں ڈاکٹر ملے گا ؟

اگر آپ نے خود سے، دور کسی ڈاکٹر کا انتخاب نہ کیا ہو تو آپ کو آپ کی رہائش گاہ کے قریب ہی ڈاکٹر دیا جائے گا۔ اگر ایک سے زائد بلدیات اس نظام کے سلسلے میں تعاون کر رہی ہوں تو آپ ہمسایہ بلدیہ میں ڈاکٹر کا انتخاب کر سکتے / سکتی ہیں۔

## کیا میں کسی ایسی بلدیہ میں ڈاکٹر کا انتخاب کر سکتا / سکتی ہوں جہاں میں رہائش پذیر نہ ہوں ؟

جی ہاں آپ ان تمام ڈاکٹروں میں سے کسی ایک کا انتخاب کر سکتے / سکتی ہیں جو مستقل ڈاکٹر کے نظام میں حصہ لے رہے ہیں۔ اگر آپ کے مطلوبہ ڈاکٹر کا نمبر فہرست پر موجود نہ ہو تو آپ خود سے اس کا نمبر ڈھونڈ سکتے / سکتی ہیں یا اپنے مقامی trygdekontor سے مدد لے سکتے / سکتی ہیں۔

## اگر میں یکم مارچ کے اندر اندر جواب نہ دوں تو کیا ہو گا ؟

اگر آپ یکم مارچ 2001 اندر اندر جواب نہ دیں تو آپ کو از خود آپ کی رہائشگاہ کے قریب ایک ڈاکٹر دے دیا جائے گا۔

## مجھے کب اطلاع دی جائے گی کہ میرا / میری مستقل ڈاکٹر کون ہے ؟

مئی کے دوران آپ کو مرکزی trygdekontor سے اطلاع دی جائے گی کہ آپ کے مستقل ڈاکٹر کا نام کیا ہے۔ مستقل ڈاکٹر کا نظام یکم جون سے لاگو ہو گا۔ اس خط کو حفاظت سے رکھیے۔ اس پر متعلقہ ڈاکٹر کا ٹیلیفون نمبر اور پتہ بھی درج ہو گا۔

## کیا میں مستقل ڈاکٹر تبدیل کر سکتا / سکتی ہوں ؟

یکم جون 2001 کے بعد آپ کو سال میں دوبارا اپنا مستقل ڈاکٹر تبدیل کرنے کا حق حاصل ہو گا۔ تاہم اس کے لیے لازم ہے کہ آپ کے مطلوبہ ڈاکٹر کے پاس گنجائش ہو۔ اگر آپ ڈاکٹر تبدیل کرنا چاہیں تو trygdekontor سے رابطہ قائم کریں۔